# ICSE 2023 EXAMINATION
## SPECIMEN QUESTION PAPER
## URDU
## (SECOND LANGUAGE)

---

***Maximum Marks : 80***

***Time allowed : Three Hours***

*Answer to this Paper must be written on the paper provided separately.*

*You will not be allowed to write during the first 15 minutes.*

*This time is to be spent in reading the question paper.*

*The time given at the head of this paper is the time allowed for writing the answers.*

---

*This paper comprises **two** sections; **Section A** and **Section B**.*

*Attempt **all** the questions from **Section A**.*

*Attempt **four** questions from **Section B** answering at least **one** question each from the **two** books you have studied and **any two** other questions from the same books you have compulsory chosen.*

*The intended marks for questions or parts of questions are given in brackets [ ].*

---

### SECTION A (40 Marks)

(Attempt **all** questions.)

**Question 1**

Write a short composition in Urdu of approximately 250 words on any **one** of the following topics :— **[15]**

درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے :—

(۱) صفائی ہماری صحت اور زندگی کے لئے بہت ضروری ہے۔اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(۲) ''آم کے آم گٹھلیوں کے دام'' اس محاورے پر مبنی کوئی دلچسپ کہانی لکھئے۔

(۳) ہندوستان دنیا کا بہترین ملک ہے۔اس کی ان خوبیوں کو بیان کیجئے جو اس کو بہترین بناتی ہیں اور یہ بھی بتائیے آپ کے خوابوں کا ہندوستان کیسا ہوگا؟

(۴) کوئی ایسا واقعہ بیان کیجئے جب آپ اپنے چھوٹے بھائی کی کسی شرارت کی وجہ سے مصیبت میں پڑ گئے ہوں۔

---

**This Paper consists of 12 printed pages.**



© *Copyright reserved*

(۵) نیچے دی گئی تصویر کا جائزہ لیجئے۔ اس تصویر سے آپ کے ذہن میں جو خیالات ابھرتے ہیں اس کی تفصیل بیان کیجئے۔



**Question 2**

Write a letter in Urdu in approximately 120 words on any **one** of the topics given below:– [7]

نیچے دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر لگ بھگ ۱۲۰ الفاظ پر مشتمل اردو میں خط لکھئے :—

(۱) اپنی بہن کو امتحان میں ناکام ہونے پر تسلی کا خط لکھئے۔

(۲) آپ نے ایک دلچسپ کہانی لکھی ہے آپ اسے اخبار میں شائع کروانا چاہتے ہیں۔ کسی روزنامہ اخبار کے ایڈیٹر کے نام خط لکھ کر اسے شائع کرنے کی گزارش کیجئے۔

**Question 3**

Read tha passage given below and answer in Urdu the question that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :—

مولانا ابوالکلام آزاد نے ۱۹۰۸ء میں مصر، شام، ترکی اور فرانس کا سفر کیا۔ وہاں وہ نوجوانوں کی انجمنوں کے رہنماؤں سے ملے اور انھیں ہندوستان کے حالات بتائے۔ وہیں مولانا نے فیصلہ کرلیا کہ وہ ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں پیش پیش رہیں گے اور مسلمانوں میں قوم پروری کا جذبہ پیدا کرنے کے لئے ایک شاندار اخبار بھی جاری کریں گے۔ اسی خیال کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے انھوں نے ۱۳؍جولائی ۱۹۱۲ء کو کلکتہ سے اپنا عظیم الشان ہفت روزہ پرچہ 'الہلال' شائع کیا۔

'الہلال' بڑی شان سے نکلا۔ اس نے صحافت کی دنیا میں ہلچل مچادی۔ یہ پہلا رسالہ تھا جو ٹائپ میں چھپتا تھا۔ اس کی مقبولیت کا اندازہ اسی حقیقت سے ہوسکتا ہے کہ تین ہی مہینوں کے اندر اندر اس کے تمام پرانے ایڈیشن دوبارہ شائع کرنے پڑے کیونکہ ہر نیا خریدار اس کے پورے سیٹ کا طلبگار ہوتا تھا۔ پہلی بار اس میں تصویریں بھی شائع کی گئیں۔ اس کی لکھائی اور چھپائی بہت خوبصورت تھی۔ اس کے مضامین سبھی کے لئے دلچسپی کا سبب تھے۔ اس کے ذریعہ مولانا آزاد نے اسلام کی تاریخ کو دہراتے ہوئے مسلمانوں کو آزادی کی تحریک میں شامل ہونے کی دعوت دی۔ انھوں نے مسلمانوں کو حکومت کے خلاف بغاوت کے لئے تیار کیا اور علیگڑھ کی سیاست سے دور رہ کر ملکی اور قومی سیاست میں حصہ لینے پر اصرار کیا۔

غرض کہ 'الہلال' نے ہندوستان کے مسلمانوں کے سوچنے کے انداز کو بدل دیا۔ اگرچہ مخالفوں نے اس کی مخالفت میں اپنی ایڑی چوٹی کا زور لگایا یہاں تک کہ اس کے ایڈیٹر یعنی مولانا آزاد کو قتل کی دھمکی دی گئی مگر وہ اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے۔ برطانوی حکومت جب اس کی آواز دبانے میں کامیاب نہ ہوسکی تو اس نے اس پر دو ہزار اور پھر دس ہزار روپئے کی ضمانت طلب کی۔ یہ رقم بھی ادا کردی گئی۔ جب حکومت کی ساری کوششیں ناکام ہوگئیں تو اس نے 'الہلال' پریس ہی کو ضبط کرلیا مگر مولانا کب ہتھیار ڈالنے والے تھے۔ انھوں نے سال بھر کی محنت کے بعد 'البلاغ' کے نام سے دوسرا پریس قائم کیا اور اسی عنوان سے 'البلاغ' نامی ہفت روزہ پرچہ جاری کردیا۔ اس میں بھی مولانا نے 'الہلال' کی طرح کے مضامین شائع کئے۔ ۱۹۱۴ء میں عالمگیر جنگ شروع ہوچکی تھی اور

برطانیہ اپنی فتح کے لئے راستے میں آنے والے ہر پتھر کو ہٹا دینا چاہتا تھا اس لئے حکومت نے 'البلاغ' کو بھی راہ سے ہٹا دینا ہی بہتر سمجھا اور مولانا کو یہ حکم دیا کہ وہ ایک ہفتہ کے اندر بنگال کی حدود سے باہر چلے جائیں۔ اس طرح مولانا رانچی چلے گئے۔ اور 'البلاغ' ہمیشہ کے لئے بند ہوگا۔ مولانا ۱۹۱۹ء تک رانچی میں نظر بند رہے۔ اس نظر بندی کے زمانہ میں مولانا نے اپنا پیشتر وقت قرآن پاک کا ترجمہ کرنے اور اس کی تفسیر لکھنے میں گزارا۔ بعدازاں اسے ''ترجمان القرآن'' کے نام سے چھاپ دیا گیا۔

(۱) مولانا آزاد نے 'الہلال' کب اور کس غرض سے شائع کیا؟ [2]

(۲) 'الہلال' نے صحافت کی دنیا میں کیوں ہلچل مچادی؟ [2]

(۳) اس رسالہ کے ذریعہ مولانا نے کیا کام کیا؟ [2]

(۴) برطانوی حکومت نے 'الہلال' کی آواز کو دبانے کے لئے کیا کیا؟ [2]

(۵) نظر بندی کے دوران مولانا نے کیا کام کیا اور بعد میں وہ کس نام سے چھپا؟ [2]

**Question 4**

Answer the following according to the instructions given. Multiple Choice Questions. You have four options. Choose the correct one answer :— [8]

دیئے گئے سوالات سے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے :—

1. ''ممالک'' کا واحد؟

(A) ملک (B) مالک

(C) مالکن (D) مملکت

2. ''ورق'' کی جمع؟

(A) وراق (B) ورقات

(C) اوراق (D) ورقیں

3. ''عالم'' کی ضد؟

(A) عاقل (B) جہل

(C) جہالت (D) جاہل

4. ''ابتدا'' کی ضد؟

(A) انجام (B) آخر

(C) انتہا (D) خاتمہ

5. ''ادیب'' کی مؤنث؟

(A) ادیبا (B) ادیبہ

(C) مرتبہ (D) مصنفہ

6. ''گائے'' کا مذکر؟

(A) بھینس (B) بکرا

(C) بیل (D) گھوڑا

7. ''کاگز'' کا درست املا؟

(A) کاغز (B) قاغذ

(C) کاغذ (D) کاگذ

8. درست جملے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) بھولا مایا کا بیٹا ہیں۔ (B) بھولا مایا کا بیٹے ہیں۔

(C) بھولا مایا کی بیٹا ہے۔ (D) بھولا مایا کا بیٹا ہے۔

## SECTION B (40 Marks)

### لازوال مرقعے (حصہ نثر)

### LAZAWAL MURAQQE (PROSE)

**Question 5**

Read the extract given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

''داروغہ جی نے ہر چند منّت سماجت کی۔ مگر انھوں نے ایک نہ سنی۔ مجبوراً لوگ منشی جی کو اسٹیشن کے احاطے سے باہر ایک درخت کے نیچے لائے۔ منشیائن رونے لگیں۔ اب حکیم صاحب اور ڈاکٹر کی تلاش ہوئی۔ وہاں ڈسٹرکٹ بورڈ کا ایک شفاخانہ تھا۔ مگر ڈاکٹر کا کام کمپونڈر سے لیا جاتا۔''

(۱) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟ [2]

(۲) شفاخانے کے ڈاکٹر کا نام کیا تھا اور وہ کہاں کے رہنے والے تھے؟ [2]

(۳) منشی جی کا کیا نام تھا ان کی کیا طبیعت خراب تھی؟ [3]

(۴) ڈاکٹر صاحب منشی جی سے علاج کے لئے پیسے کیوں مانگ رہے تھے؟ [3]

**Question 6**

Read the extract given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

''ڈاکٹر سلام کا جواب دے کر اس کے پاس بیٹھ گیا اور دیر تک اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر اس سے باتیں کرتا رہا جو ہسپتال کے بارے میں تھیں۔ منظور کو اپنے وارڈ کے ہر مریض سے دلچسپی تھی۔ اس کا معلوم تھا کہ کس کی حالت اچھی ہے، کس کی حالت خراب ہے، کون آیا ہے کون گیا ہے۔''

(۱) منظور شکل وصورت اور عادت میں کیسا لڑکا تھا؟ [2]

(۲) منظور کا باپ کیا کام کرتا تھا وہ کس وقت اور کتنی دیر کے لئے اسپتال آتا تھا؟ [2]

(۳) اختر اپنی صحت کے اچھے ہونے کے لئے کس کو ذمہ دار سمجھتا تھا؟ [3]

(۴) اختر کو منظور کی بیماری کے بارے میں جب پتا چلا تو اسے کس بات کی حیرت ہوئی؟ [3]

**Question 7**

Read the extract given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

''میں تھوڑی دیر کھڑا بگڑی بس کو دیکھتا رہا۔ پھر اپنا بیگ جھلاتا ہوا جتے ہوئے کھیتوں میں اٹھلاتی ہوئی پگڈنڈی پر چلنے لگا۔ سامنے وہ شاندار مسجد کھڑی تھی جسے انعام حسین نے اپنی جوانی میں بنوایا تھا۔''

(۱) یہ عبارت کس سبق سے ماخوذ ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟ [2]

(۲) انعام حسین صاحب کا حلیہ بیان کیجئے۔ [2]

(۳) مصنف کی گاڑی کس گاؤں میں پہنچ کر خراب ہوگئی تھی؟ اس گاؤں کا نام سن کر مصنف کو اپنی شادی کیا کیا بات یاد آ گئی؟ [3]

(۴) قاضی صاحب کی بیوی نے مصنف کا استقبال کس طرح کیا؟ [3]

## لازوال مرقعے (حصہ نظم)

## LAZAWAL MURAQQE (POEM)

**Question 8**

Read the extract given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :—

ڈرتے ڈرتے دمِ سحر سے     تارے کہنے لگے قمر سے
نظارے رہے وہی فلک پر     ہم تھک بھی گئے چمک چمک کر
کام اپنا ہے صبح و شام چلنا     چلنا، چلنا مدام چلنا
بیتاب ہے اس جہاں کی ہر شئے     کہتے ہیں جسے سکوں نہیں ہے
رہتے ہیں ستم کشِ سفر سب     تارے، انساں، شجر، حجر سب
ہوگا کبھی ختم یہ سفر کیا؟
منزل کبھی آئے گی نظر کیا؟

(۱) اس نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھئے۔ [2]

(۲) شاعر نے اس نظم میں انسان اور فطرت کا تقابل کرتے ہوئے کیا تلاش کرنے کی کوشش کی ہے؟ [2]

[3] (۳) بچوں کے لئے انھوں نے جو نظمیں لکھیں ہیں ان کے عنوان لکھئے اور کسی نظم کا ایک شعر بھی لکھئے۔

[3] (۴) خط کشیدہ الفاظ کی جمع لکھئے۔

**Question 9**

Read the extract given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

دنیا عجب بازار ہے ، کچھ جنس یاں کی سات لے
نیکی کا بدلہ نیک ہے، بد سے بدی کی بات لے
میوہ کھلا ، میوہ ملے، پھل پھول دے، پھل پات لے
آرام دے، آرام لے، دکھ درد دے آفات لے
کلجگ نہیں کر جگ ہے یہ، یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے، اس ہات دے اس ہات لے

[2] (۱) کلجگ سے کیا مراد ہے؟ نقد سودا کسے کہتے ہیں؟

[2] (۲) اوپر لکھے اشعار میں سے دوسرے شعر کا مطلب لکھئے۔

[3] (۳) عہدِ جدید کے تنقید نگار انھیں کیسا شاعر مانتے ہیں؟ ان کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

[3] (۴) نظیر کی حب الوطنی کا اندازہ کس بات سے ہوتا ہے؟

**Question 10**

Read the extract given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

کہی تھے پیا بن صبوری کروں
کھیا جائے امّا کیا جائے نا
نہیں عشق جس کوں بڑا کوڑ ہے
کدھیں اس سے مل بیسیا جائے نا

قطب شہ نہ دے مجھ دوانے کو پند

دوانے کوں کچھ پند دیا جائے نا

[2] (۱) اس غزل کے شاعر کا نام لکھئے۔اُردو زبان وادب میں ان کی کیا حیثیت تھی؟

[2] (۲) اس غزل کا مطلع لکھئے۔

[3] (۳) ان اشعار کے ردیف اور قافیہ لکھئے

[3] (۴) آخری شعر کی تشریح کیجئے۔

## دروازے کھول دو – ڈراما (کرشن چندر)

## DARWAZE KHOL DO - DRAMA (KRISHAN CHANDER)

**Question 11**

Read the passage given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

''اس اپیل کا اثر یہ ہے کہ ہم آج یہاں موجود ہیں کنیڈا میں یہ چار ہزار پاتے تھے۔یہاں ایک ہزار پر ملازم ہیں۔کنیڈا میں یہ اپنے ڈپارٹمنٹ کے ہیڈ تھے۔یہاں ان کا درجہ تیسرا ہے۔کنیڈا میں ہمارے پاس چھ کمرے کا مکان تھا۔یہاں ہم ایک ہوٹل میں مقیم ہیں۔''

[2] (۱) اس عبارت میں کس اپیل کا ذکر ہے؟

[2] (۲) کمل کنج، شانتی کنج اور جمنا نواس میں کتنے فلیٹ خالی ہیں؟

[3] (۳) مکان کرائے پر لینے کے لئے کریم اللہ رام دیال کی کیا کیا شرطیں ماننے کو تیار ہے؟

[3] (۴) کریم اللہ کو مکان کرائے پر نہ دینے کے لئے لوگ کیا کیا بہانے بناتے ہیں؟

**Question 12**

Read the passage given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیے سوالات کے جواب لکھئے :—

’’(اس موقع پر ایک پنجابی بڑھئی اندر آ جاتا ہے۔ ہاتھ میں آری لئے ہوئے یا بڑھئی کا کوئی اور سامان)

سردار بڑھئی : گیارہ نمبر اور بارہ نمبر فلیٹ کے دروجّے اور کھڑکیاں تو بن گئی ہیں۔

مرزا جی : ایک دن پہلے ہی کام ختم کر دیا.....واہ.........واہ! سردار جی۔

(۱) سردار بڑھئی مرزا جی سے کیا منگوانے کو کہتا ہے؟ **[2]**

(۲) سردار کا سامان منگوانے کے لئے کون کس کو فون کرتا ہے؟ **[2]**

(۳) مرزا جی اور رام دیال سردار کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ **[3]**

(۴) بجلی کمپنی کے انسپکٹر کا کیا نام ہے وہ کس کا مترہے؟ **[3]**

**Question 13**

Read the passage given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیے سوالات کے جواب لکھئے :—

’’کمرے میں آتے ہی اس کی نظر سب سے پہلے تو اپنے سامان پر پڑتی ہے، پھر تخت پر لیٹے ہوئے رام بھروسے پر جو آنکھیں بند کئے لیٹا ہے اور وہ حیرت سے کبھی اپنے سامان کو اور کبھی رام بھروسے کی طرف دیکھتا ہے۔ پھر ٹہوکا دے کر رام بھروسے کو جگا دیتا ہے۔‘‘

(۱) کمرے میں کون آتا ہے وہ رام بھروسے سے کیا پوچھتا ہے؟ **[2]**

(۲) رام بھروسے اس کی بات کا کیا جواب دیتا ہے؟ **[2]**

(۳) آنے والا شخص بلڈنگ اور فلیٹ کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ **[3]**

(۴) پنڈت رام دیال اس وقت کس کے ساتھ کیا باتیں کرتے ہوئے اندر آتے ہیں؟ **[3]**

## ناول – نصوح کا خواب (توبتہ النصوح) – ڈپٹی نذیر احمد

## NOVEL–NUSUH KA KHAWAAB (TAUBAT-UN-NUSUH)- by DY.NAZEER AHMED

**Question 14**

Read the passage given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

”مگر پھر بھی نصوح نے مصمم ارادہ کرلیا کہ انشا اللہ اپنے مقدور بھر تو کوشش کروں گا یا تو راہِ راست پر ہی آئیں گے یا جیتے جی چھوڑ دوں گا۔ جو خدا کا نہیں وہ میرا پہلے نہیں۔ منجھلے بیٹے اور منجھلی بیٹی کی طرف سے بھی نصوح کو خوب اطمینان نہ تھا اور جانتا تھا کہ ان کے ساتھ بھی دقّت پڑے گی لیکن اس کا ارادہ ایسا مستحکم تھا کہ کوئی مشکل اس کو روک نہیں سکتی تھی۔“

(۱) نصوح کے منجھلے بیٹے اور بیٹی کا کیا نام تھا؟ [2]

(۲) بچوں کی بے دینی کے لئے وہ کس کو ذمہ دار مانتا تھا؟ [2]

(۳) نصوح نے دوسرا عہد کیا کیا؟ [3]

(۴) اصلاحِ خاندان کے لئے نصوح نے کس کو اپنا مددگار بنایا اور کیوں؟ [3]

**Question 15**

Read the passage given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

”اب اس عورت کو میرا خیال آیا، اور بچوں سے بولی کہ کم بختو! کیا اودھم مچاتے ہو، (اور میری طرف اشارہ کر کے کہا) دعا دو، اس اللہ کے بندے کی جان و مال کو، جس نے آج باپ کی اور تم سب کی جانیں رکھ لیں، نہیں ٹکڑا بھی مانگا نہ ملتا۔ کوئی چچا یا ماموں بیٹھا تھا کہ اسکو تمہارا درد ہوتا اور اس مصیبت کے وقت تمہاری دستگیری کرتا۔“

(۱) یہ عورت کون تھی اور کس مصیبت میں تھی؟ [2]

(۲) بیٹے نے جب عزت اتروانے کی بات کی تو خاں صاحب نے کیا کیا؟ [2]

(۳) عورت نے شوہر کو بچانے کے لئے کیا کیا؟ [3]

(۴) عورت مدد کرنے والے کو کیا کہتی ہے اس نے کس طرح عورت کی مدد کی تھی؟ [3]

**Question 16**

Read the passage given below and answer in Urdu the questions that follow :—

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جواب لکھئے :—

صالحہ : ابھی مولوی ہدایت اللہ صاحب کے وعظ سے اٹھی چلی آتی ہوں۔ یہاں آئی تو خالہ اماں اور گھر والے سب مردانے مکان میں ہیں۔ اتنا سنا کہ بڑے بھائی خفا ہو کر گھر سے جا رہے ہیں۔ مجھ کو تم سے ملنے کی جلدی تھی۔ خالہ اماں کا سلام کر کے سیدھی اندر چلی آئی۔

یہاں آ کر دیکھا تو نہ آدمی نہ آدم زاد۔ تم کو سارے گھر میں ڈھونڈتی پڑی پھری۔

نعیمہ : کیوں بڑے بھائی کس بات پر گھر سے نکل رہے ہیں؟ ''

(۱) صالحہ کیسی لڑکی تھی اس کا اور نعیمہ کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟ [2]

(۲) نعیمہ کے سوال کا صالحہ کیا جواب دیتی ہے؟ [2]

(۳) نعیمہ اپنے گھر کے بدلے ہوئے ماحول کے بارے میں صالحہ کو کیا بتاتی ہے؟ [3]

(۴) نعیمہ گھر کے ماحول کے بدلنے کی کیا وجہ بتاتی ہے؟ [3]